© rasailojaraid.com

## مدارس کی انتظامیہ کے نام ضروری پیغام

صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں زلزلہ سے متاثرہ مساجد و مدارس کی بحالی کیلئے وفاق المدارس کی درخواست پر ریلیف فنڈ میں جن مدارس نے حصہ لیا ہے ان کے تعاون کے بے حد ممنون ہیں۔

جن مدارس نے تا حال رقم جمع نہیں کرائی ان سے درخواست ہے کہ فوری طور پر ریلیف فنڈ میں رقم جمع کرا دیں۔ کیونکہ عنقریب وفاق المدارس کا ایک اعلیٰ سطحی وفد متاثرہ علاقوں میں جا کر متاثرین میں امدادی رقم تقسیم کرنے کی کاروائی کرے گا۔ آپ حضرات سے مکرر درخواست ہے کہ اس تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ جزاکم اللہ خیر الجزاء

## ہدایات برائے تقرری سینٹر / مرکز امتحان یا تبدیلی مرکز

1۔ درجہ کتب کے مدارس جو اپنے مدرسہ کو سنٹر بنانا چاہتے ہیں۔ اپنے علاقہ کے مسئول صاحب سے اس سینٹر / مرکز کی سفارش کروا کر تجویز جلد از جلد دفتر ارسال کریں۔

2۔ جو مدارس اپنا سینٹر / مرکز تبدیل کر کے کسی دوسرے سینٹر / مرکز سے امتحان دینا چاہتے ہیں وہ بھی اپنے مسئول صاحب سے سفارش کروا کر یہ تجویز دفتر ارسال کریں۔

(جو مدارس اپنا سابقہ سینٹر بحال رکھنا چاہتے ہیں۔ ایسے مدارس اپنی درخواست ارسال نہ کریں)

نئے سینٹر / مرکز کیلئے کم از کم طلباء / طالبات کی تعداد پچاس یا اس سے زائد مقرر کی گئی ہے اور محل الامتحان کیلئے اسی مناسبت سے امتحانی ہال اور دیگر ضروریات کا موجود ہونا ضروری ہے۔

نوٹ: یہ تمام تجاویز ۳۰ صفر ۱۴۲۷ھ تک دفتر وفاق کو موصول ہو جانی چاہئیں۔ اس کے بعد کسی بھی تبدیلی کی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

## سالانہ امتحانات ۱۴۲۷ھ کی داخلہ فیس کی شرح

| درجہ | سنگل فیس ۱۵ ربیع الثانی | ڈبل فیس ۳۰ ربیع الثانی | تین گنا ۱۵ جمادی الاولیٰ | چار گنا ۳۰ جمادی الاولیٰ | مدارس کی سالانہ فیس کی شرح | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تحفیظ القرآن الکریم | 85 | 170 | 255 | 240 | تحفیظ | 400/= |
| متوسطہ | 85 | 170 | 255 | 240 | متوسطہ | 400/= |
| عامہ | 90 | 180 | 270 | 360 | ثانویہ | 600/= |
| خاصہ | 95 | 190 | 285 | 380 | عالیہ | 1200/= |
| عالیہ | 115 | 230 | 345 | 460 | عالمیہ | 1800/= |
| عالمیہ | 145 | 290 | 435 | 580 | | |
| دراسات دینیہ سال اول | 90 | 180 | 270 | 360 | | |
| دراسات دینیہ سال دوم | 95 | 190 | 285 | 380 | | |
| دراسات دینیہ سال سوئم | 115 | 230 | 345 | 460 | | |

© rasailojaraid.com

نوٹ: تمام مدارس کو ماہنامہ وفاق المدارس کی سالانہ فیس ایک سو پچاس روپے -/150 ادا کرنا لازمی ہے۔